URDU

Paper—I

(Literature)

Time Allowed : Three Hours | *Maximum Marks : 250*

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

Please read each of the following instructions carefully before attempting questions.

There are **EIGHT** questions divided in **Two Sections**.

Candidate has to attempt **FIVE** questions in all.

Question no. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, **THREE** are to be attempted choosing at least **ONE** from each section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in **URDU**.

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in chronological order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the answer book must be clearly struck off.

SECTION—A

Q. 1- نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔
ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ **10×5=50**

Q. 1-(a) ہند یوروپی کے حوالے سے ہند آریائی کے ارتقا پر اظہار خیال کیجیے۔ 10

Q. 1-(b) مغربی ہندی سے کیا مراد ہے؟ اس میں شامل مختلف بولیوں کے درمیان لسانیاتی اختلافات کا جائزہ لیجیے۔ 10

Q. 1-(c) اردو زبان کی ابتدا سے متعلق مسعود حسین خان نے محمد حسین آزاد اور محمود شیرانی کے نظریوں کی جو تنقید کی ہے، اس کا مختصر خلاصہ پیش کیجیے۔ 10

Q. 1-(d) دکنی اردو کے آغاز وارتقا پر مختصر بحث کیجیے۔ 10

Q. 1-(e) ''عربی فارسی کے گہرے اثرات کے باوجود اردو کی بنیادی لفظیات ہند آریائی ہے۔'' بحث کیجیے۔ 10

Q. 2- نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔
جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 25×2=50

Q. 2-(a) اردو زبان کی نشو ونما اور ترویج میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ مع مثالوں کے لیجیے۔ 25

Q. 2-(b) 'ریختہ سے کیا مراد ہے؟ یہ کہنا کہاں تک درست ہے کہ بکٹ کہانی ریختہ گوئی کا ایک اہم نمونہ ہے'
بکٹ کہانی سے مثالیں دیجیے۔ 25

Q. 3-حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔
جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 25×2=50

Q. 3-(a) مثنوی 'کدم راؤ پدم راؤ' کی تاریخی، لسانی اور ادبی اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔ 25

Q. 3-(b) اردو زبان نے اپنے ارتقا کے دوران مختلف نام تبدیل کیے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے، نیز بتائیے
کہ ان ناموں کا اردو کے ارتقا سے کیا تعلق ہے۔ 25

Q. 4- حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔
جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 25×2=50

Q. 4-(a) رسم خط اور املا کے درمیان فرق سمجھاتے ہوئے اردو املا کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔ 25

Q. 4-(b) اردو صوتیات میں شامل عربی فارسی مصمتوں کی صوتیاتی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 25

SECTION—B

Q. 5- حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔

سوالوں کے جوابات تقریباً دو سو (200) الفاظ پر مشتمل ہونے چاہئیں۔ 10×5=50

Q. 5-(a) غزل کی صنفی شناخت سمجھائیے اور بتائیے کہ یہ اردو کی مقبول ترین صنف سخن کیوں ہے؟ 10

Q. 5-(b) جدید نظم کے ارتقا میں حلقۂ ارباب ذوق کے نظم گو شعراء کا کیا کردار ہے؟ 10

Q. 5-(c) اردو ناول کے ارتقا میں ''امراؤ جان ادا'' کی کیا اہمیت ہے؟ 10

Q. 5-(d) سرسید تحریک سے اردو ادب میں کیا اضافے ہوئے۔ مختلف اصناف کے حوالے سے جواب دیجیے۔ 10

Q. 5-(e) کلیم الدین احمد اردو کے ایک باغی نقاد کی حیثیت سے کیوں مشہور ہیں؟ 10

Q. 6- حسب ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔

جوابات تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونے چاہئیں۔ 25×2=50

Q. 6-(a) خدائے سخن سے کیا مراد ہے؟ میر کو خدائے سخن کہنا کس حد تک مناسب ہے؟ 25

Q. 6-(b) میر انیس کی مرثیہ نگاری کی منفرد خصوصیات سمجھائیے۔ 25

Q. 7- نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

سوالوں کے جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونے چاہئیں۔ 25×2=50

Q. 7-(a) دبستان دلی کی شعری خدمات پر روشنی ڈالیے۔ 25

Q. 7-(b) اردو ادب میں انشاء نگاری کے موضوع پر اظہار خیال کیجیے۔ 25

Q. 8- حسب ذیل عنوانات پر مضمون لکھیے۔ 25×2=50

Q. 8-(a) ہندوستان میں اردو کی موجودہ صورت حال اور مستقبل 25

Q. 8-(b) انفارمیشن ٹیکنولوجی اور اردو زبان 25